© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

اگر سائل سے کوئی رشوت مانگے یا کوئی شکایت ہو تو سائل گھنٹی بجائے۔ سپرنٹنڈنٹ خود یا ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ موقع پر آ کر شکایت سنیں گے۔ (سرفراز مفتی، آئی جی جیل خانہ جات پنجاب)

سر! کس ملک کی بات کر رہے ہیں۔

★ پانی چوری کے الزام میں وفاقی وزیر ماحولیات فیصل صالح کے نا قابل ضمانت وارنٹ جاری۔ (ایک خبر)

پاکستان میں میرٹ پر ملازمتیں دی جاتی ہیں۔

★ آئندہ الیکشن میں مدارس اسناد تسلیم نہیں کی جائیں گی۔ (شیر افگن)

خدا گنجے کو ناخن نہ دے۔

★ طالبان اور مدرسے دہشت گردی میں ملوّث نہیں رہے۔ (اعجاز الحق)

دشمنی صرف ان کی اسلام دوستی کی وجہ سے ہے۔

★ سیاست کو عبادت، نماز سے بھی افضل سمجھتا ہوں۔ (کھر)

بک رہے ہیں جنوں میں کیا کیا کچھ!

★ پاکستان میں کام کرنے والوں اور نکھٹوؤں کو برابر معاوضہ ملتا ہے۔ (شیخ رشید)

روشن خیال حکمران، انصاف کا مثالی نظام

★ حادثے کا شکار ہونے والے فوکر طیارے میں 'شیٹ پر اندراج کے بغیر بڑی تعداد میں آم کی پیٹیاں لوڈ کی گئیں۔ (ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ)

ہائے افسوس! آم کی چند پیٹیوں کو ۴۵ قیمتی جانوں پر ترجیح دی گئی۔

★ طالبان کہتے ہیں داڑھی بڑھائیں، ٹی وی بند کریں، موسیقی نہ سنیں۔ طالبانائزیشن کو ختم کر دیا جائے گا۔ (صدر مشرف)

یہ طالبانائزیشن نہیں۔ اللہ و رسول ﷺ کی تعلیمات میں سے ہے۔

© rasailojaraid.com